نیو یارک کے لاطینی باشندوں میں منشیات کی زائد مقدار لینے سے ہونے والی اموات، 2021

اکثر ایک ہی گروپ کے طور پر بیان کیے جانے والے، نیویارک سٹی (New York City, NYC) میں لاطینی افراد 20 سے زیادہ منفرد ممالک سے منسلک نسب یا ورثہ گروپوں کی نمائندگی کرتے ہیں۔ یہ حقائق نامہ NYC میں ان سب سے بڑے لاطینی ورثہ والے گروپوں میں زیادہ مقدار لینے کی وجہ سے ہونے والی اموات میں فرق کو نمایاں کرتا ہے: پورٹو ریکن، ڈومینیکن، وسطی اور جنوبی امریکی، اور میکسیکن۔

زیادہ مقدار لینے سے ہونی والی اموات کی سب سے بڑی تعداد نیویارک کے لاطینی باشندوں کی تھی۔



زیادہ مقدار لینے سے ہونی والی اموات کی دوسری بڑی شرح نیویارک کے لاطینی باشندوں کی تھی (فی 100,000 رہائشی)۔



نیو یارک کے لاطینی باشندے NYC کی آبادی کا 28% ہیں۔ NYC میں لاطینی ورثہ والے سب سے بڑے گروپس پورٹو ریکن اور ڈومینیکن ہیں۔



زیادہ مقدار لینے سے ہونی والی اموات میں 34% اموات نیویارک کے لاطینی باشندوں کی ہیں۔ آبادی کے تخمینوں کے مقابلے میں، نیو یارک کے پورٹو ریکن باشندوں میں زیادہ مقدار لینے کی وجہ سے اموات کا تناسب زیادہ تھا۔



حوالہ: انٹیگریٹڈ پبلک یوز مائیکرو ڈیٹا سیریز، امریکی مردم شماری امریکن کمیونٹی سروے، 2016-2020 سے لیے گئے آبادی کے نسب نما کے تخمینے۔ NYC محکمہ صحت و ذہنی حفظان صحت (NYC محکمہ صحت) کے آبادی کے نسب نما کے تخمینے سے لی گئی لاطینی آبادی کی تعداد، جو کہ امریکی مردم شماری بیورو (U.S. Census Bureau) کے آبادی کے انٹرپولیٹڈ انٹرسینسل تخمینے، 2000-2020 (اکتوبر 2021 کو اپ ڈیٹ کیا گیا) سے ترمیم شدہ ہے۔ زیادہ مقدار لینے کی وجہ سے ہونے والی اموات کا ڈیٹا 15 سے 84 سال کی عمر کے لوگوں تک محدود تھا اور NYC دفتر برائے چیف میڈیکل ایگزامینر (NYC Office of the Chief Medical Examiner) اور NYC محکمہ صحت کا بیورو برائے اہم اعداد و شمار (Bureau of Vital Statistics)، 2021 سے لیا گیا۔ اس اشاعت کے مقصد کے لیے، لاطینی ورثہ سند انتقال پر رپورٹ کیا جاتا ہے، اور اگر یہ رپورٹ نہیں کیا گیا تو اسے لاپتہ قرار دیا جاتا ہے۔ تجزیہ منجانب بیورو برائے الکحل، منشیات کے استعمال، روک تھام، نگہداشت اور علاج (Bureau of Alcohol, Drug Use, Prevention, Care and Treatment)۔ 2021 کا ڈیٹا غیر حتمی ہے اور اس میں تبدیلی ہو سکتی ہے۔

نیو یارک کے لاطینی باشندوں میں، زیادہ مقدار لینے سے ہونی والی اموات میں سے بڑی تعداد نیویارک کے پورٹو ریکن باشندوں کی تھی۔ منشیات کی زیادہ مقدار لینے سے انتقال کرنے والے ہر تین میں سے ایک نیو یارک کے لاطینی باشندے کی سند انتقال میں ورثہ کی معلومات موجود نہیں تھیں۔



نیو یارک کے پورٹو ریکن باشندوں میں زیادہ مقدار کی وجہ سے اموات کی شرح مجموعی طور پر نیو یارک کے لاطینی باشندوں کی شرح سے زیادہ تھی۔



*لاپتہ ڈیٹا کے لیے شرح کا حساب نہیں لگایا جا سکتا۔

نیویارک کے پورٹو ریکن باشندوں میں زیادہ مقدار لینے کی وجہ سے اموات کی سب سے زیادہ شرح مردوں اور 35 سے 54 سال کی عمر کے لوگوں کی تھی۔



نیو یارک کے لاطینی باشندوں میں منشیات کی زیادہ مقدار لینے سے ہونے والی اموات میں شامل مادے (زیادہ مقدار لینے کی وجہ سے ہونے والی اموات میں ایک سے زیادہ مادے شامل ہو سکتے ہیں):



NYC Health